SECURITIES & EXCHANGE COMMISSION OF PAKISTAN

# PRESS RELEASE

For immediate release
April 5, 2019

## کمپنی رجسٹریشن میں 22 فیصد اضافہ، مارچ میں 1,401 نئی کمپنیاں رجسٹر

اسلام آباد (5 اپریل) سکیورٹیز اینڈ ایکس چینج کمیشن آف پاکستان نے مارچ میں ایک ہزار چار سو ایک (1,401 ) نئی کمپنیاں رجسٹر کیں جو کہ گزشتہ سال کی اسی مدت کے مقابلہ میں بائیس فیصد زیادہ ہے۔ نئی رجسٹریشن کے ساتھ ایس ای سی پی میں رجسٹرڈ کل کمپنیوں کی تعداد ستانوے ہزار نو سو سولہ (97,916) ہو گئی ہے۔

ایس ای سی پی نے حال ہی میں کمپنیوں کی رجسٹریشن میں آسانی کے لئے کئی اصلاحات متعارف کروائیں ہیں جن میں رجسٹریشن کے طریق کار کو سہل بنانا، رجسٹریشن کی فیسوں میں نمایاں کمی اور کمپنی کی رجسٹریشن کے لئے قائم سہولت ڈیسک کے ذریعے معاونت کی فراہمی اور کمپنی اور ٹیکس نمبر کے حصول کے لئے ون ونڈو کی سہولے فراہم کی گئی ہے۔

مارچ میں رجسٹر کی گئی کمپنیوں میں بہتر (72 ) فیصد کمپنیاں پرائیویٹ لمیٹڈ ہیں جبکہ چوبیس (24) فیصد سنگل ممبر کمپنیاں رجسٹر ہوئیں، چار فیصد کمپنیوں نے پبلک نان لسٹڈ، غیر ملکی، غیر منافع بخش اور محدود لائیبیلٹی کمپنیاں شامل ہیں۔

سب سے زیادہ کمپنیاں ٹریڈنگ کے شعبے میں رجسٹر ہوئیں جن کی تعداد دو سو دو (202) رہی، تعمیرات کے شعبے میں ایک سو اکہتر (171)، انفرمیشن ٹیکنالوجی کے شعبے میں ایک سو اکیاون (151)، خدمات کے شعبے میں ایک سو تینتالیس (143)، سیاحت میں ایک سو اکتالیس (141)، خوراک و مشروبات میں ساٹھ (60)، رئیل اسٹیٹ میں باون (52)، کارپوریٹ ایگری کلچر فارمنگ میں اکیاون (51)، تعلیم کے شعبے میں چوالیس (44)، مارکیٹنگ اور اشتہارات میں سینتیس (37)، ٹرانسپورٹ میں چھتیس (36)، ٹیکسٹائل میں تینتیس (33)، انجنئرنگ میں بتیس (32)، دواسازی میں اکیس (21)، صحت کے شعبے میں انیس (19)، قیام وطعام میں اٹھارہ (18)، پاور جنریشن اور کیمیکل میں سترہ (17)، آٹو اینڈ الائیڈ میں سولہ (16)، فیول اینڈ انرجی میں پندرہ (15)، کمیونیکیشن میں چودہ (14)، کن کنی، سٹیل اینڈ الائیڈ، ہر ایک میں تیرہ جبکہ پچاسی کمپنیاں دیگر شعبوں میں رجسٹر ہوئیں۔

مارچ میں چون (54 ) کمپنیوں میں غیر ملکی سرمایہ کاری کی گئی۔ ان سرمایہ کاروں کا تعلق آسٹریا، کینیڈا، چین، فن لینڈ، جرمنی، اٹلی، جاپان، ساوتھ کوریا، لیبیا، ملائیشیا، نیدرلینڈز، نائیجیریا، پولینڈ، جنوبی افریقہ، متحدہ عرب امارات اور امریکہ سے ہے۔

Securities and Exchange Commission of Pakistan
NICL Building, 63 Jinnah Avenue, Islamabad
Tel: 051-9214005

سب سے زیادہ کمپنیاں اسلام آباد میں رجسٹر ہوئیں جن کی تعداد پانچ سو بتیس (**532**) ہے جبکہ لاہور میں تین سو پچھتر (**375**) اور کراچی میں دو سو باون (**252**) کمپنیوں رجسٹر ہوئیں۔ کمپنی رجسٹریشن آفس پشاور میں چورانوے (**94**)، ملتان میں انچاس (**49**)، گلگت بلتستان میں چونتیس (**34**)، فیصل آباد میں اٹھائیس (**28**)، کوئٹہ میں تئیس (**23**) اور سکھر میں چار کمپنیاں رجسٹر ہوئیں۔